پانچ کلمے

پہلا کلمہ طیب:	لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
	اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں
دوسرا کلمہ شہادت:	اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ
	میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں
تیسرا کلمہ تمجید:	سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ
	اللہ ہر عیب سے پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے
	وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ،
	اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے، جو بہت بلند عظمت والا ہے۔
چوتھا کلمہ توحید:	لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ
	اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے
	وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ،
	اور اس کے لیے تمام تعریفیں ہیں، وہی زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے، اور وہ زندہ ہے اس کو کبھی موت نہیں آئیگی،
	ذُو الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ،
	عظمت والا اور بزرگی والا ہے۔ اس کے قبضے میں تمام بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔
پانچواں کلمہ استغفار:	اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً
	میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے ہر گناہ سے جو میں نے کیا، جان بوجھ کر یا بھول کر،
	سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ اَعْلَمُ وَ مِنَ الذَّنْبِ
	در پردہ یا کھلم کھلا اور میں توبہ کرتا ہوں اس کے حضور میں اُس گناہ سے جو مجھے معلوم ہے اور اس گناہ سے

اَلَّذِیْ لَا اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَ سَتَّارُ الْعُیُوْبِ
جو مجھے معلوم نہیں ہے، بے شک تو غیبوں کو جاننے والا اور عیبوں کو چھپانے والا ہے
وَ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
اور گناہوں کو بخشنے والا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکیاں کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو عالیشان اور عظمت والا ہے۔

۱۰/ اہم دعائیں

[۱] کھانا کھانے سے پہلے یہ دعا پڑھیں	[۲] کھانے سے پہلے دعا بھول جائیں تو یہ دعا پڑھیں
بِسْمِ اللّٰہِ وَبَرَکَۃِ اللّٰہِ	بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَ آخِرَہٗ
[۳] کھانے کے بعد یہ دعا پڑھیں:	[۴] سونے سے پہلے یہ دعا پڑھیں:
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ	اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَ اَحْیَا
[۵] جب سو کر اٹھیں تو یہ دعا پڑھیں:	[۶] جب بیت الخلاء میں جائیں تو یہ دعا پڑھیں:
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَ اِلَیْہِ النُّشُوْرُ	اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَ الْخَبَائِثِ
[۷] جب بیت الخلاء سے نکلیں تو یہ دعا پڑھیں:	[۸] کسی مسلمان سے ملیں تو سلام کریں:
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَ عَافَانِیْ	اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ
[۹] کوئی مسلمان سلام کرے تو یہ جواب دیں:	[۱۰] ہر اچھے کام کو شروع کرتے وقت کہیں:
وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۰/ اہم حدیثیں

[۱] اَلدِّیْنُ یُسْرٌ	[۲] مِفْتَاحُ الْجَنَّۃِ الصَّلٰوۃُ	[۳] مَنْ غَشَّ فَلَیْسَ مِنَّا
دین آسان ہے	جنت کی کنجی نماز ہے	جو دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں
[۴] عَلَیْکُمْ بِالصِّدْقِ	[۵] اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْکَلَامِ	[۶] مَنْ صَمَتَ نَجَا
ہمیشہ سچی بات کہو	بات کرنے سے پہلے سلام کرو	جو خاموش رہا اس نے نجات پائی

[۷] مَنْ لَا یَرْحَمْ لَا یُرْحَمْ	[۸] اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ
جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا	لوگوں کے ساتھ ان کے مرتبوں کے مطابق سلوک کرو
[۹] خَیْرُ الزَّادِ التَّقْوٰی	[۱۰] اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ
بہترین توشہ تقویٰ ہے	روزہ ڈھال ہے

وضو میں ۴/فرض ہیں

[۱] پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک چہرہ دھونا		
[۲] دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا	[۳] چوتھائی سر کا مسح کرنا	[۴] دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا

وضو میں ۱۳/سنتیں ہیں

[۱] نیت کرنا۔	[۲] بسم اللہ سے شروع کرنا۔	[۳] پہلے تین بار دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا۔
[۴] مسواک کرنا	[۵] تین بار کلی کرنا	[۶] تین بار ناک میں پانی ڈالنا	[۷] داڑھی کا خلال کرنا
[۸] ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا۔	[۹] ہر عضو کو تین بار دھونا	
[۱۰] ایک بار پورے سر کا مسح کرنا	[۱۱] دونوں کانوں کا مسح کرنا	[۱۲] ترتیب سے وضو کرنا
[۱۳] پے در پے وضو کرنا کہ ایک عضو کے سوکھنے سے پہلے دوسرے عضو کو دھو لینا۔		

غسل میں ۳/فرض ہیں

[۱] کلی کرنا	[۲] ناک میں پانی ڈالنا	[۳] تمام بدن پر پانی بہانا

غسل میں ۵/سنتیں ہیں

[۱] ناپاکی دور کرنے کی نیت کرنا	[۲] استنجا کرنا اور جس جگہ بدن پر نجاست لگی ہو اسے دھونا	
[۳] دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا	[۴] پہلے وضو کر لینا	[۵] تمام بدن پر تین بار پانی بہانا

مسجد میں داخل ہونے کی سنتیں

[۱] پہلے بائیں پاؤں سے جوتا اتارنا پھر دائیں پاؤں سے۔
[۲] دائیں پاؤں سے مسجد میں داخل ہونا۔

[٣] "بِسْمِ اللهِ" پڑھنا۔
[٤] درود شریف "اَلصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ" پڑھنا۔
[٥] مسجد میں داخل ہونے کی دعا: "اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ" پڑھنا۔
[٦] اعتکاف کی نیت کرنا۔

مسجد سے نکلنے کی سنتیں

[١] مسجد سے بایاں پاؤں باہر نکالنا۔
[٢] "بِسْمِ اللهِ" پڑھنا۔
[٣] درود شریف "اَلصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ" پڑھنا۔
[٤] مسجد سے نکلنے کی دعاء "اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ" پڑھنا۔
[٥] پہلے دائیں پاؤں میں جوتا پہننا پھر بائیں پاؤں میں۔

کھانے کی سنتیں

[١] دسترخوان بچھا کر کھانا۔	[٢] دونوں ہاتھ (گٹوں تک) دھونا۔
[٣] کھانے سے پہلے بسم اللہ وَبَرَكَةِ اللهِ پڑھنا۔	[٤] شروع میں دعا پڑھنا بھول جائے تو بِسْمِ اللهِ أَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ پڑھنا۔
[٥] ایک زانو یا دو زانو بیٹھنا۔	[٦] دائیں ہاتھ سے کھانا۔
[٧] اپنے سامنے سے کھانا۔	[٨] اگر لقمہ گر جائے تو اُٹھا کر کھا لینا۔
[٩] برتن اور انگلیوں کو چاٹ کر صاف کرنا۔	[١٠] کھاتے وقت جوتا یا چپل نکال دینا۔
[١١] بہت زیادہ گرم نہ کھانا۔	[١٢] کھانے کی چیزوں میں پھونک نہ مارنا
[١٣] کھانے کے بعد کی دُعا پڑھنا۔	[١٤] کھانے کے بعد ہاتھ دھونا اور کلی کرنا۔
[١٥] کھانے میں عیب نہ نکالنا پسند ہو یا ناپسند ہو	

پانی پینے کی سنتیں

[۱] دائیں ہاتھ سے پینا۔	[۲] بیٹھ کر پینا۔
[۳] دیکھ کر پینا، پانی میں پھونک نہ مارنا۔	[۴] "بِسْمِ اللّٰہِ" پڑھ کر پینا۔
[۵] تین سانس میں پینا۔	[۶] پینے کے بعد "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ" کہنا۔

سونے کے آداب

[۱] عشا کے بعد جلدی سوجانا، دُنیا کی بات نہ کرنا۔		[۲] سونے سے پہلے کپڑے تبدیل کرنا
[۳] باوضو سونا۔	[۴] تین مرتبہ بستر جھاڑ کر سونا	[۵] تین تین سلائی سرمہ لگانا
[۶] تسبیح فاطمی سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳/مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳/مرتبہ، اَللّٰہُ أَکْبَرُ ۳۴/مرتبہ پڑھنا۔		
[۷] سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ ناس پڑھنا۔		
[۸] داہنی کروٹ پر سونا، پیٹ کے بل اوندھا نہ لیٹنا۔		
[۹] سونے کی دُعا "اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا" پڑھنا۔		

بیت الخلا کی سنتیں

[۱] سر ڈھانک کر جانا۔	[۲] جوتا چپل پہن کر جانا۔
[۳] دعا پڑھ کر اندر جانا۔	[۴] پہلے بایاں پاؤں اندر رکھنا۔
[۵] قبلے کی طرف نہ منہ کرنا اور نہ پیٹھ کرنا	[۶] بالکل بات نہ کرنا۔
[۷] بائیں ہاتھ سے استنجا کرنا۔	[۸] استنجا کے بعد مٹی یا صابن وغیرہ سے اچھی طرح ہاتھ دھولینا۔
[۹] دائیں پاؤں سے باہر آنا۔	[۱۰] کھڑے ہوکر پاخانہ پیشاب نہ کرنا۔

سیرت

س[۱]: نبی کسے کہتے ہیں؟

ج: نبی اللہ تعالیٰ کے نیک بندے ہوتے ہیں، ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی اترتی ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے احکام اللہ کے بندوں تک پہنچاتے ہیں۔
[شرح الفقہ الاکبر: ۷۳م]

س[۲]: ہمارے نبی کا نام کیا ہے؟

ج: ہمارے نبی کا نام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ [السیرۃ النبویۃ لابن ہشام: ۱/ ۲۳۷]

س[۳]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ [اعلام النبوۃ: ۱/ ۱۹۸]

س[۴]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کب پیدا ہوئے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ربیع الاول کے مہینے میں پیر کے دن پیدا ہوئے۔
[السیرۃ النبویۃ لابن ہشام: ۱/ ۲۹۴]

س[۵]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا نام کیا ہے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا نام عبداللہ ہے۔ [السیرۃ النبویۃ لابن ہشام: ۱/ ۲۹۴]

س[۶]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد ماجد کی عمر کتنی ہوئی اور وفات کہاں ہوئی؟

ج: ۲۴/ سال کی عمر میں مدینہ منورہ میں وفات ہوئی۔

س[۷]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ کا نام کیا ہے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ کا نام آمنہ ہے۔ [السیرۃ النبویۃ لابن ہشام: ۱/ ۳۰۵]

س[۸]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ نے کب تک آپ کی پرورش کی؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر کے چھٹے سال تک، پھر اُن کی بھی وفات ہوگئی۔

س[۹]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ کی وفات کہاں ہوئی؟

ج: ابواء گاؤں میں۔

س[۱۰]: ابواء کہاں ہے؟

ج: مکہ اور مدینہ کے درمیان میں ہے۔

س[۱۱]: ہمارے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ابواء کیوں گئی تھیں؟

ج: مدینہ طیبہ میں اپنے رشتہ داروں سے ملنے گئی تھیں۔

س[۱۲]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے کس کا دودھ پیا؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے پہلے والدہ ماجدہ نے دودھ پلایا۔

س[۱۳]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ کے علاوہ یہ سعادت کس کو حاصل ہوئی؟

ج: حضرت ثویبہ اور اس کے بعد حضرت حلیمہ سعدیہ کو یہ سعادت نصیب ہوئی۔

س[۱۴]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ کی وفات کے بعد آپ کی پرورش کے ذمہ دار کون تھے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا عبدالمطلب تھے۔

س[۱۵]: عبدالمطلب کی پرورش میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنے سال رہے؟

ج: تقریباً دو سال، پھر عبدالمطلب کی بھی وفات ہوگئی۔

س[۱۶]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک اُس وقت کتنی تھی اور عبدالمطلب کی کتنی؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک آٹھ سال تھی اور عبدالمطلب کی عمر ایک سو چالیس سال تھی

س[۱۷]: عبدالمطلب کی حیثیت مکہ میں کیا تھی؟

ج: عبدالمطلب مکہ کے بڑے سرداروں میں سے تھے۔

س[۱۸]: عبدالمطلب کے بعد ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذمہ دار کون ہوئے؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ابوطالب ہوئے۔

س[۱۹]: لڑکپن میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کیسے تھے؟

ج: لڑکپن میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذہین، سمجھدار، نیک طبیعت، صابر اور خوددار تھے

س[۲۰]: سمجھدار ہونے پر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زندگی گذارنے کی کیا صورت تھی؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزدوری پر بکریاں چرائی اور تجارت بھی کی۔

اسلامی عقیدے

س[۱]: مذہب کے لحاظ سے تمہارا کیا نام ہے؟

ج: ہم مسلمان ہیں۔ [سورۂ احقاف:۱۵]

س[۲]: تمہارے مذہب کا کیا نام ہے؟

ج: ہمارے مذہب کا نام اسلام ہے۔ [سورۂ آل عمران:۱۹]

س[۳]: اسلام کیا سکھاتا ہے؟

ج: اسلام سکھاتا ہے کہ اللہ ایک ہے، وہی عبادت کے لائق ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ [بخاری:۳۴۳۵، عن عبادہ رضی اللہ عنہ]

س[۴]: اسلام کا کلمہ کیا ہے؟

ج: اسلام کا کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہے۔ [معجم صغیر ۹۲۲، عن عمر رضی اللہ عنہ]

س[۵]: تمہیں کس نے پیدا کیا؟

ج: ہمیں اور ہمارے ماں باپ اور آسمانوں اور زمینوں اور تمام مخلوق کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔ [سورۂ عنکبوت:۶۱؛ سورۂ سجدہ:۴]

س[۶]: اللہ تعالیٰ نے دنیا کو کس چیز سے پیدا کیا؟

ج: اپنی قدرت اور اپنے حکم سے پیدا کیا ہے۔

س[۷]: روزی کون دیتا ہے؟

ج: روزی اللہ دیتا ہے۔ [سورۂ سبا:۲۴]

س[۸]: دعا کون سنتا ہے؟

ج: دعا اللہ سنتا ہے۔ [سورۂ بقرہ:۱۸۶]

س[۹]: زندگی اور موت کون دیتا ہے؟

ج: زندگی اور موت اللہ دیتا ہے۔ [سورۂ شعراء:۸۱]

س[۱۰]: کیا مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا ہے؟

ج: جی ہاں، مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا ہے۔ [سورۂ یٰسین:۷۹]

۵/ نمازیں

فجر کی نماز میں ۴/رکعتیں ہیں: ۲/رکعت سنت موکدہ ۲/رکعت فرض

ظہر کی نماز میں ۱۲/رکعتیں ہیں: ۴/رکعت سنت موکدہ ۴ رکعت فرض ۲ رکعت سنت موکدہ ۲/رکعت نفل۔

عصر کی نماز میں ۸/رکعتیں ہیں: ۴/رکعت سنت غیر موکدہ، ۴/رکعت فرض۔

مغرب کی نماز میں ۷/رکعتیں ہیں: ۳/رکعت فرض ۲/رکعت سنت موکدہ ۲/رکعت نفل

عشا کی نماز میں ۱۷/رکعتیں ہیں: ۴/رکعت سنت غیر موکدہ، ۴/رکعت فرض، ۲/رکعت سنت موکدہ، ۲/رکعت نفل، ۳/رکعت وتر واجب، ۲/رکعت نفل

جمعہ کی نماز میں ۱۴/رکعتیں ہیں: جمعہ سے پہلے ۴/رکعت سنت موکدہ، جمعہ کی ۲/رکعت فرض، اُس کے بعد ۴/رکعت سنت موکدہ، پھر ۲/رکعت سنت غیر موکدہ، پھر ۲/رکعت نفل۔

نقشہ نماز

	سنت	فرض	سنت	نفل	واجب	نفل	کل
[۱] فجر کی نماز میں ۴/رکعتیں ہیں:	(۲)	۲					۴
[۲] ظہر کی نماز میں ۱۲/رکعتیں ہیں:	(۴)	۴	(۲)	۲			۱۲
[۳] عصر کی نماز میں ۸/رکعتیں ہیں:	۴	۴					۸
[۴] مغرب کی نماز میں ۷/رکعتیں ہیں:		۳	(۲)	۲			۷
[۵] عشا کی نماز میں ۱۷/رکعتیں ہیں:	۴	۴	(۲)	۲	(۳)	۲	۱۷
[۶] جمعہ کی نماز میں ۱۴/رکعتیں ہیں:	(۴)	۲	۲+(۴)	۲			۱۴

جائزہ سال اول

[۱] تنوین ونون ساکن اور میم ساکن کے قاعدے سنائیے۔

[۲] ''سورۃُ الھب''، اور ''سورۃُ الکافرون'' حفظ سنائیے۔

[۳] پانچواں کلمہ سنائیے۔

[۴] جو دعائیں آپنے یاد کی ہیں وہ حفظ سنائیے۔

[۵] جو ۱۰/حدیثیں آپنے یاد کی ہیں وہ ترجمہ کے ساتھ سنائیں۔

[۶] وضو کے فرائض اور سنتیں بتائیں۔

[۷] غسل میں کتنے فرائض ہیں اور کتنی سنتیں ہیں۔

[۸] کھانے پینے کی سنتیں کتنی ہیں اور کون کونسی۔

[۹] سونے کے آداب اور بیت الخلاء کی سنتیں بتائیں۔

[۱۰] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام اور آپؐ کے والد اور والدہ کا نام بتائیں؟

[۱۱] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ نے کب تک آپ کی پرورش کی؟

[۱۲] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ کی وفات کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پرورش کے ذمہ دار کون تھے؟

[۱۳] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے کس کا دودھ پیا، اور والدہ کے علاوہ کتنی عورتوں نے آپکو دودھ پلایا؟

[۱۴] اسلام کیا سکھاتا ہے؟

[۱۵] تمہیں کس نے پیدا کیا؟

[۱۶] زندگی اور موت کون دیتا ہے؟